روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 24 جنوری 2009ء 26 محرم 1430 ہجری 24 صلح 1388 ھش جلد 59-94 نمبر 19

اللہ غضبناک ہوگا

حضرت وائلؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔
جس نے کسی شخص سے ظلم کے ساتھ زمین چھین لی تو قیامت کے دن وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا۔

(المعجم الکبیر طبرانی جلد22 صفحہ 18 حدیث نمبر25)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہر شخص کو ہر روز اپنا مطالعہ کرنا چاہئے کہ وہ کہاں تک ان امور کی پروا کرتا ہے اور کہاں تک وہ اپنے بھائیوں سے ہمدردی اور سلوک کرتا ہے۔ اس کا بڑا بھاری مطالبہ انسان کے ذمہ ہے۔ حدیث صحیح میں آیا ہے کہ قیامت کے روز خدا تعالیٰ کہے گا کہ میں بھوکا تھا تم نے مجھے کھانا نہ کھلایا۔ میں پیاسا تھا اور تو نے مجھے پانی نہ دیا۔ میں بیمار تھا۔ تم نے میری عیادت نہ کی۔ جن لوگوں سے یہ سوال ہوگا وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب تو کب بھوکا تھا جو ہم نے کھانا نہ دیا۔ تو کب پیاسا تھا جو پانی نہ دیا اور تو کب بیمار تھا جو تیری عیادت نہ کی۔ پھر خدا تعالیٰ فرمائے گا کہ میرا فلاں بندہ جو ہے وہ ان باتوں کا محتاج تھا مگر تم نے اس کی کوئی ہمدردی نہ کی۔ اس کی ہمدردی میری ہی ہمدردی تھی۔ ایسا ہی ایک اور جماعت کو کہے گا کہ شاباش! تم نے میری ہمدردی کی۔ میں بھوکا تھا۔ تم نے مجھے کھانا کھلایا۔ میں پیاسا تھا تم نے مجھے پانی پلایا وغیرہ۔ وہ جماعت عرض کرے گی کہ اے ہمارے خدا ہم نے کب تیرے ساتھ ایسا کیا؟ تب اللہ تعالیٰ جواب دے گا کہ میرے فلاں بندہ کے ساتھ جو تم نے ہمدردی کی وہ میری ہی ہمدردی تھی۔ دراصل خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرنا بہت ہی بڑی بات ہے اور خدا تعالیٰ اس کو بہت پسند کرتا ہے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا کہ وہ اس سے اپنی ہمدردی ظاہر کرتا ہے۔ عام طور پر دنیا میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص کا خادم کسی اس کے دوست کے پاس جاوے اور وہ شخص اس کی خبر بھی نہ لے تو کیا وہ آقا جس کا کہ وہ خادم ہے اس اپنے دوست سے خوش ہوگا؟ کبھی نہیں؛ حالانکہ اس کو تو کوئی تکلیف اس نے نہیں دی، مگر نہیں۔ اس نوکر کی خدمت اور اس کے ساتھ حسن سلوک گویا مالک کے ساتھ حسن سلوک ہے۔ خدا تعالیٰ کو بھی اس طرح پر اس بات کی چڑ ہے کہ کوئی اس کی مخلوق سے سرد مہری برتے۔ کیونکہ اس کو اپنی مخلوق بہت پیاری ہے۔ پس جو شخص خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرتا ہے وہ گویا اپنے خدا کو راضی کرتا ہے۔

غرض اخلاق ہی ساری ترقیات کا زینہ ہے۔ میری دانست میں یہی پہلو حقوق العباد کا ہے جو حقوق اللہ کے پہلو کو تقویت دیتا ہے۔ جو شخص نوع انسان کے ساتھ اخلاق سے پیش آتا ہے۔ خدا تعالیٰ اس کے ایمان کو ضائع نہیں کرتا۔ جب انسان خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے ایک کام کرتا ہے اور اپنے ضعیف بھائی کی ہمدردی کرتا ہے تو اس اخلاص سے اس کا ایمان قوی ہو جاتا ہے۔ مگر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ نمائش اور نمود کے لئے جو اخلاق برتے جائیں وہ اخلاق خدا تعالیٰ کے لئے نہیں ہوتے اور ان میں اخلاص کے نہ ہونے کی وجہ سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ اس طرح پر تو بہت سے لوگ سرائیں وغیرہ بنا دیتے ہیں۔ ان کی اصل غرض شہرت ہوتی ہے اور اگر انسان خدا تعالیٰ کے لئے کوئی فعل کرے تو خواہ وہ کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ اسے ضائع نہیں کرتا اور اس کا بدلہ دیتا ہے۔ میں نے تذکرۃ الاولیاء میں پڑھا ہے کہ ایک ولی اللہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ بارش ہوئی اور کئی روز تک رہی۔ ان بارش کے دنوں میں میں نے دیکھا کہ ایک اسّی برس کا بوڑھا گبر ہے جو کوٹھے پر چڑیوں کے لئے دانے ڈال رہا ہے۔ میں نے اس خیال سے کہ کافر کے اعمال حبط ہو جاتے ہیں اس سے کہا کہ کیا تیرے اس عمل سے تجھے کچھ ثواب ہوگا؟ اس گبر نے جواب دیا کہ ہاں ضرور ہوگا۔ پھر وہی ولی اللہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ جو میں حج کو گیا تو دیکھا کہ وہی گبر طواف کر رہا ہے۔ اس گبر نے مجھے پہچان لیا اور کہا کہ دیکھو ان دانوں کا مجھے ثواب مل گیا یا نہیں؟ یعنی وہی دانے میرے اسلام تک لانے کا موجب ہو گئے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص215)

محترم محمد خان رانا صاحب ایڈووکیٹ سابق امیر ضلع بہاولنگر وفات پا گئے

احباب جماعت کو افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ 42 سال تک امیر ضلع بہاولنگر کے عہدہ پر فائز رہنے والے بے لوث خادم سلسلہ اور ماہر قانون مکرم ومحترم محمد خان رانا صاحب ایڈووکیٹ سابق امیر جماعت احمدیہ ضلع بہاولنگر مورخہ 20 جنوری 2009ء کو رات سوا نو بجے بہاولنگر میں وفات پا گئے۔ آپ کی عمر 83 سال تھی۔ مورخہ 4 فروری 2008ء کو آپ کو دائیں طرف فالج کا اٹیک ہوا تھا اور فالج کا دوسرا اٹیک مورخہ 29 دسمبر 2008ء کو ہوا۔ جس کے 22 دن بعد آپ کی وفات ہو گئی۔

آپ 1926ء کو پیدا ہوئے، آپ کے والد کا نام مکرم ومحترم چوہدری احمد خان صاحب تھا جو امیر جماعت ریاست بہاولپور تھے۔ مکرم محمد خان صاحب جب چھٹی کلاس میں تھے تو مزید تعلیم کے لئے قادیان تشریف لے گئے۔ قیام پاکستان کے بعد تعلیم کا سلسلہ جاری رہا اور ٹی آئی کالج ربوہ سے گریجوایشن کیا۔ لاہور سے LLB کا امتحان پاس کیا، قانون کی باقاعدہ

(باقی صفحہ 12 پر)

عربی اور انگریزی زبان سیکھیں

وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ میں نئے سیشن جنوری تا مارچ کے لئے عربی اور انگریزی زبانوں میں کورسز کے لئے داخلے شروع ہیں۔ واقفین و واقفات نو وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی (بیت نصرت) سے عصر تا مغرب رجسٹریشن فارمز حاصل کرلیں۔ سیکرٹریان وقف نو محلّہ جات اور والدین سے تعاون کی درخواست ہے مزید معلومات اس نمبر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

فون نمبر: 0476011966

(انچارج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

مائیکل ایچ ہارٹ

حضرت عمر ابن الخطابؓ

(586ء-644ء)

ایک مغربی مصنف کی نظر میں

عمر ابن الخطابؓ دوسرا اور غالباً عظیم ترین مسلم خلیفہ تھا۔ وہ (حضرت) محمدؐ کا نوجوان ہم عصر تھا اور پیغمبر ہی کے شہر مکہ میں پیدا ہوا۔ اس کا صحیح ترین سال پیدائش غیر معلوم ہے۔ قیاس ہے کہ 586ء میں وہ پیدا ہوا۔

عمرؓ (حضرت) محمدؐ اور ان کے نئے مذہب کا درشت ترین دشمن تھا۔ تب وہ دائرہ اسلام میں داخل ہوا اور اس کا مضبوط ترین حامی بن گیا۔ وہ (حضرت) محمدؐ کا قریبی مشیر بن گیا، اور ان کی حیات میں وہ اسی اعزاز کے ساتھ رہا۔

632ء میں پیغمبر کا وصال ہوا، انہوں نے اپنا جانشین مقرر نہیں کیا تھا۔ عمرؓ نے فوراً ہی نبیؐ کے قریبی رفیق اور خسر ابوبکرؓ کے حق جانشینی پر صاد کیا۔ اس سے اقتدار کے لئے سرد جنگ کا امکان ختم ہو گیا، اور عمومی طور پر ابوبکرؓ کو مسلمانوں کا اولین خلیفہ (نبی کا جانشین) تسلیم کر لیا گیا۔ ابوبکرؓ ایک کامیاب خلیفہ تھا لیکن وہ دو سال بعد ہی فوت ہو گیا۔ اس نے عمر ابن الخطابؓ کا نام اپنی جانشینی کے لئے منتخب کر دیا (جو نبیؐ کا خسر بھی تھا)۔ اس طور پر ایک بار پھر اقتدار کے لئے تنازعہ کا امکان مسترد ہو گیا۔ 634ء میں عمرؓ خلیفہ بنا۔ یہ حکومت 644ء تک قائم رہی۔ تب ایک ایرانی غلام نے مدینہ میں اسے شہید کر دیا۔ اپنے بستر مرگ پر اس نے چھ افراد کی ایک مجلس بنانے کی تجویز دی، جو اس کے جانشین کا فیصلہ کرے۔ یوں ایک بار پھر اقتدار کے حصول کے لئے مسلح چپقلش کا خاتمہ کر دیا گیا۔ مجلس نے عثمانؓ کا نام بطور خلیفہ سوم منتخب کیا جو 644ء سے 665ء تک برسر اقتدار رہا۔

عمرؓ کی دس سالہ خلافت کے دوران عربوں نے انتہائی اہم فتوحات حاصل کیں۔ عرب فوجیں شام اور فلسطین پر حملہ آور ہوئیں جو تب بازنطینی سلطنت کا ایک حصہ تھے۔ 636ھ میں جنگ یرموک میں عربوں نے بازنطینی فوجوں کو شکست فاش دی اسی برس دمشق فتح ہوا، دو سال بعد یروشلم بھی عرب قلمرو میں شامل ہو گیا۔ 644ء تک عربوں نے تمام فلسطین اور شام کو اپنا مطیع بنا لیا تھا اور ترکی کی طرف پیش قدمی کر رہے تھے۔ 639ء میں عرب فوجوں نے مصر کو فتح کیا جو بازنطینی سلطنت کا ایک اہم حصہ تھا۔ تین برسوں کے اندر عربوں نے مصر کی فتح کو مکمل کیا۔

عراق پر، جو تب ایرانیوں کی ساسانی سلطنت کا ایک جزو تھا، عربوں کے حملوں کا آغاز عمرؓ کے دور خلافت سے پہلے ہو چکا تھا۔ 637ء میں عمرؓ کے دور خلافت میں عربوں کو سب سے اہم فتح جنگ قدسیہ میں حاصل ہوئی۔ 641ء تک تمام عراق عرب قلمرو کا حصہ بن چکا تھا۔ یہی نہیں عربوں نے ایران پر یورش کی اور آخری ساسانی شہنشاہ کی فوجوں کو فیصلہ کن مات دی۔

644ء میں عمرؓ کی وفات تک مغربی ایران کا بیشتر حصہ عرب فتح کر چکے تھے۔ تاہم عمرؓ کی وفات نے عرب فوجوں کی فتوحات کی رفتار پر کوئی اثر نہ ڈالا۔ مشرق میں انہوں نے تھوڑے ہی عرصہ میں ایران کی فتح مکمل کی۔ جبکہ مغرب میں وہ شمالی افریقہ تک آگے بڑھے۔

جس قدر عمرؓ کی فتوحات اہم ہیں، اسی قدر ان کی برقراری بھی۔ ایران کی آبادی کا بیشتر حصہ اگرچہ دائرہ اسلام میں داخل ہوا لیکن علی الاخر اس نے عرب غلامی سے آزادی حاصل کی۔ تاہم شام، عراق اور مصر ایسا نہیں کر سکے۔ وہ یکسر عرب تہذیب میں ڈھل گئے اور ہنوز یہی صورت حال قائم ہے۔

بلاشبہ عمرؓ کو اس عظیم سلطنت کا انتظام سنبھالنے کے لئے جو اس کی فوجوں نے فتح کی تھی، خاص حکمت عملیاں وضع کرنا پڑی تھیں۔ اس نے فیصلہ کیا کہ ان مفتوحہ علاقوں میں عرب خاص عسکری رعایات کے ساتھ رہیں اور یہ کہ ان کا قیام مقامی لوگوں سے علیحدہ فوجی شہروں میں ہوگا۔ جبکہ مفتوحہ لوگ مسلمانوں کو (جو بیشتر عرب ہی تھے) جزیہ ادا کریں گے اور انہیں پرامن حالات میں رہنے دیا جائے گا۔ خاص طور پر انہیں قطعاً جبراً مسلمان کرنے کی کوشش نہیں کی جائے گی۔ (ان اقدامات سے یہ امر مترشح ہے کہ عرب فتوحات مقدس جنگ کی بجائے ایک قومیت پرستانہ جذبے کے تحت لڑی گئی جنگوں کا نتیجہ تھیں۔ ہر چند کہ اس سارے عمل میں مذہبی عنصر کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا)۔

عمرؓ کی کامیابیاں موثر ثابت ہوئیں۔ (حضرت) محمدؐ کے بعد فروغ اسلام میں عمرؓ کا نام نہایت اہم ہے۔ ان سریع الرفتار فتوحات کے بغیر شاید آج اسلام کا پھیلاؤ اس قدر ممکن نہ تھا۔ مزید برآں اس کے دور میں مفتوح ہونے والے علاقوں میں سے بیشتر عرب تمدن ہی کا حصہ بن گئے۔ ظاہر ہے کہ ان تمام کامیابیوں کا اصل محرک تو (حضرت) محمدؐ ہی تھے۔ لیکن اس میں عمرؓ کے حصے سے صرف نظر کرنا بھی ایک بڑی غلطی ہوگی۔ اس کی فتوحات (حضرت) محمدؐ کی تحریک ہی کا نتیجہ نہیں تھیں۔ اس سے بلاشبہ کچھ پھیلاؤ عمل میں آتا لیکن ایسی عظیم وسعت عمر کی شاندار قیادت کے بغیر ممکن نہیں تھی۔

اس امر میں کچھ لوگوں کو ضرور تعجب ہوگا کہ مغرب میں عمر ابن الخطابؓ کی شخصیت اس طور پر معروف نہیں ہے۔ تاہم یہاں اس فہرست میں اسے چارلی میگنی اور جولیس سیزر جیسی مشہور شخصیات سے بلند درجہ تفویض کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ تمام فتوحات جو عمر کے دور خلافت میں واقع ہوئیں، اپنے حجم اور پائیداری میں ان فتوحات کی نسبت کہیں اہم تھیں جو سیزر یا چارلی میگنی کی زیر قیادت ہوئیں۔

تعارف کتاب

سوونیئر خلافت جوبلی 2008ء راولپنڈی

نام کتاب: سوونیئر خلافت جوبلی 2008ء
پبلشر: مکرم خواجہ منظور صادق صاحب
مطبع: بلیک ایرو پرنٹرز لاہور
تاریخ اشاعت: نومبر 2008ء
صفحات: 237

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 2008ء کے سال میں جماعت احمدیہ راولپنڈی نے خوبصورت سوونیئر شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ اس دیدہ زیب سوونیئر کے ٹائٹل پیج پر آفتاب، بدر کامل اور پانچ ستاروں کی روحانی آفاقی نور ہدایت سے ساری دنیا کو منور اور روشن دکھایا ہے۔ جبکہ اندر کی طرف سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی دلآویز تصویر اور آپ نے 27 مئی 2008ء کو عہد ساز تاریخی خطاب میں عالمگیر جماعت احمدیہ سے جو عہد لیا شائع کیا گیا ہے۔

اس کے بعد حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کی بابرکت تصاویر اور خلافت کے تعلق میں بیان فرمودہ ارشادات کو سوونیئر کی زینت بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ خلفاء احمدیت کے انتخاب خلافت کے بعد پہلے بصیرت افروز خطابات بھی زیب قرطاس کئے گئے ہیں۔

اس سوونیئر کو خدا اور خدا کے رسول ﷺ کے کلام کے علاوہ آٹھ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے باب میں خلفاء کے پہلے خطابات، دوسرے میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کے تبرکات، تیسرے باب میں خلافت کا مقام، اہمیت اور تقاضے پر چند مضامین، چوتھے باب میں خلفاء کی پاکباز و نیک سیرت ماؤں کے حالات زندگی، پانچویں باب میں خلفاء کی حسین یادیں اور خوشگوار واقعات، باب ششم میں خلفاء کے راولپنڈی کے اسفار، باب ہفتم میں سال 2008ء میں راولپنڈی جماعت کی بعض اہم یادگار تقریبات اور باب ہشتم میں احمدی شعراء کا خلافت سے عقیدت و احترام میں کہا گیا کلام خوبصورت انداز اور متعلقہ تصاویر کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

تصاویر کا بھی بہترین انتخاب اس سوونیئر میں موجود ہے۔ خلفاء احمدیت کے راولپنڈی کے اسفار کی نادر و یادگار تصاویر بھی اس سوونیئر کو برکت بخش رہی ہیں۔

اس کے علاوہ راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے اور راولپنڈی کو شرف باریابی دینے والے رفقاء حضرت مسیح موعود، امراء ضلع راولپنڈی، مربیان و معلمین کرام ضلع راولپنڈی صدران حلقہ جات اور ذیلی تنظیموں کے مقامی و ضلعی عہدیداران، راولپنڈی کا سفر کرنے والے بزرگان احمدیت، اہم جماعتی تقاریب، جامعہ احمدیہ میں داخل ہونے والے واقفین نو اور بیوت الذکر کی تصاویر بھی شامل اشاعت ہیں۔

آخری صفحہ ٹائٹل پر قادیان دارالمسیح پر یکم جنوری 2008ء کو طلوع آفتاب کا منظر تین تصاویر میں دیا گیا ہے جبکہ اندر کی طرف 26 مئی 2008ء کی رات اور 27 مئی 2008ء کی صبح کو بیت فضل لندن کی یادگار تصویر شائع کی گئی ہے۔

اس مختصر سے سوونیئر میں راولپنڈی کی سو سالہ تاریخ تو نہیں سما سکتی تھی لیکن اس تاریخی سال کے حوالے سے اور ماضی کی تاریخ کے حوالے سے ایک مفید معلوماتی اور دلچسپ سوونیئر تیار کرنے پر تمام ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ خدا تعالیٰ اس سعی کو شرف قبولیت بخشے اور خلافت کے ذریعہ احمدیوں کو ملنے والی الٰہی برکات و فیوض کو دیکھ کر اللہ کرے کہ سب اس عافیت کے آفاقی و عالمگیر حصار میں چلے آئیں اور ہمیشہ کا امن نصیب ہو۔ خلافت کی برکات کی ایک جھلک حضرت مصلح موعود کے بیان فرمودہ اس تحریر سے بھی ہوتی ہے۔ حضور فرماتے ہیں:

خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے ایک جماعت کو پکڑ کر میرے ہاتھ میں جمع کر دیا تھا اور اس وقت جمع کر دیا تھا۔ جب بڑے بڑے احمدی میرے مخالف ہو گئے تھے اور کہتے تھے کہ اب خلافت ایک بچے کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔ اس لئے جماعت آج نہیں تو کل تباہ ہو جائے گی۔ اس بچہ نے 43 سال پیغامیوں کا مقابلہ کر کے جماعت کو جس مقام تک پہنچایا۔ وہ تمہارے سامنے ہے۔ (الفضل 28 اپریل 1957ء)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اور ہماری نسلوں کو بھی خلافت سے ہمیشہ وابستہ رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(ایم آر طاہر)

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم محمد احمد مظفر علوی صاحب نمائندہ مینیجر الفضل شعبہ اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں دورہ پر ہیں۔ تمام کاروباری احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔ (مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم مرزا خلیل احمد قمر صاحب

وقف جدید ایک صوفیانہ تحریک ہے

(قسط اول)

حضرت مصلح موعود نے جب 27/دسمبر 1957ء کو جلسہ سالانہ کے موقع پر وقف جدید کا اعلان فرمایا تو آپ کے ذہن میں اشاعت دین کے سلسلہ میں گزشتہ چودہ سوسالہ تاریخ کی تفصیل مستحضر تھی کہ اشاعت دین کے سلسلہ میں کونسا طریق اپنی وسعت اور تجربہ کی بناء پر کامیاب ہوا ہے اسی لئے آپ نے اشاعت دین کے سلسلہ میں صوفیاء کے طریق کو پسند فرمایا کہ اس سے جہاں اشاعت دین مقصود ہے وہاں نئے آنے والوں کی تعلیم وتربیت اور تزکیہ نفس بھی کیا جاتا ہے صوفیا نئے آنے والوں کو اپنے پاس رکھ کر ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام کرتے تھے جس سے ان مریدوں اور شاگردوں کے دلوں میں ایک پاکیزہ تبدیلی دیکھنے میں آتی تھی اس کے ساتھ ساتھ ان کے سامنے اپنے نمونہ سے تنگی ترشی میں گزر بسر کرنا اور ہر حالت میں اللہ کی تعالیٰ کی رضا پر نہ صرف راضی رہنا بلکہ اس کی رضا کے حصول کے ذرائع اختیار کرنا ان میں تعلق باللہ کی ایک لگن لگا دینا جس کے نتیجہ میں ان میں ایک جذب اور ایک کشش پیدا ہو جاتی ہے ایک وقت تک یہ لوگ زیر تربیت رہ کر اور سلوک کی منازل طے کر کے پھر آگے اس طریق کو جاری کرنے والے بن جاتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے جب حضرت مصلح موعود کو خلافت پر متمکن فرمایا تو آپ نے اشاعت دین کیلئے کامیاب ترین طریق یعنی صوفیاء کے طریق کو دسمبر 1917ء کو جماعت کے سامنے رکھتے ہوئے فرمایا:۔

’’یاد رکھنا چاہئے کہ وہ طریق تبلیغ ہمارے صوفیاء کرام رضوان اللہ علیھم کا طریق تھا۔ ہندوستان میں اسلام حکومت کے ذریعہ نہیں پھیلا بلکہ حکومت کے آنے سے صدیوں پہلے اسلام ہندوستان میں آ چکا تھا۔ حضرت معین الدین چشتی کے ذریعہ اسلام کی تبلیغ ہوئی۔ پھر قطب الدین بختیار کاکی، فریدالدین شکر گنج نظام الدین اولیاء یہ لوگ ملک کے مختلف گوشوں میں پھیل گئے اور خدا کے دین کی اشاعت میں مصروف ہوگئے یہ لوگ تنخواہ دار نہیں تھے بلکہ انہوں نے اپنی زندگیاں وقف کردی تھیں کچھ حصہ دن میں اپنا کام کرتے تھے اور باقی وقت دین کی اشاعت میں صرف کرتے تھے......یہی وہ روح تھی جس نے اسلام کو ابتداء میں پھیلایا اور یہی وہ روح ہے جو حقیقی اسلام کی روح ہے۔ ابتدا میں تبلیغ کا یہی رنگ تھا اور طریق بعد میں پیدا ہوئے ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے اس کو پسند فرمایا ہے اور یہی وہ طریق ہے جس کے ذریعہ ہم کامیاب ہو سکتے ہیں۔‘‘

(خطبہ جمعہ 7/دسمبر 1917 الفضل 22/دسمبر 1917)

قیام پاکستان کی بعد جب جماعت احمدیہ کی مخالفت ایک نئے دور میں داخل ہوگئی اور 1953ء میں جماعت احمدیہ اس مخالفت کے طوفان سے حضرت مصلح موعود کی قیادت میں کامیاب وکامران ہو کر نکلی کہ دشمن اپنی عقل اور سازشوں پر ہاتھ ملتے رہ گیا۔ قیام پاکستان کے بعد ہندوستان سے لاکھوں کی تعداد میں احمدی ہجرت کر کے آئے تھے جو نئی جگہوں پر ٹھہرے تھے۔ اپنی برادریوں کے ساتھ ایک شہر کو جائے رہائش بنا چکے تھے۔ بعض اکادکا شہروں اور گاؤں میں رہائش اختیار کر چکے تھے۔ اس کے ساتھ حضرت مسیح موعود کے تربیت یافتہ رفقاء کی تعداد طبعی تقاضہ کے مطابق کم ہوگئی۔ اس نوجوان نسل کو اپنے زیر سایہ رکھ کر تعلیم وتربیت کی سخت ضرورت تھی۔ اس کے لئے بھی صوفیاء جیسے طریق کو اختیار کرنے کی ضرورت تھی۔ صوفیاء صرف دینی تعلیم نہیں دیتے بلکہ دنیوی تعلیم، معاشرتی مسائل اور طبی ضروریات بھی پوری کرتے تھے گویا ایک سنٹر ایک ادارہ کی حیثیت اختیار کر جاتا تھا اردگرد کے لوگ اپنی دینی اور دنیوی ضروریات کے لئے ان سنٹرز کی طرف رجوع کرتے تھے۔ ان مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اللہ تعالیٰ سے تائید پا کر حضرت مصلح موعود نے 9/جولائی 1957ء کے عیدالاضحیہ کے خطبہ میں وقف جدید کا نام لئے بغیر ایک سکیم جماعت کے سامنے رکھی اور اس کے خدوخال کو جماعت کے سامنے وضاحت سے بیان فرمایا۔ آپ نے جماعت کے سامنے دوبارہ صوفیاء کرام کے نمونہ کو اختیار کرنے کی سکیم رکھی۔ حضرت مصلح موعود نے 7/جولائی 1957ء کو عیدالاضحیہ کے خطبہ میں فرمایا۔

’’میں چاہتا ہوں کہ اگر کچھ نوجوان ایسے ہوں جن کے دلوں میں یہ خواہش پائی جاتی ہو کہ وہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اور حضرت شہاب الدین سہروردیؒ کے نقش قدم پر چلیں تو...... جماعت کے نوجوان...... اپنی زندگیاں براہ راست میرے سامنے وقف کریں تا کہ میں ان سے ایسے طریق پر کام لوں کہ وہ...... تعلیم دینے کا کام کرسکیں...... ہمارا ملک آبادی کے لحاظ سے ویران نہیں لیکن روحانیت کے لحاظ سے بہت ویران ہو چکا ہے اور آج بھی اس میں چشتیوں کی ضرورت ہے سہروردیوں کی ضرورت ہے اور نقشبندیوں کی ضرورت ہے اگر یہ لوگ آگے نہ آئے اور حضرت معین الدین چشتیؒ، حضرت شہاب الدین سہروردیؒ اور حضرت فریدالدین شکر گنجؒ جیسے لوگ پیدا نہ ہوئے تو یہ ملک روحانیت کے لحاظ سے اور بھی ویران ہو جائے گا۔‘‘

(الفضل 6/فروری 1958ء)

جلسہ سالانہ 1957ء کے دوسرے روز 27 دسمبر کو احباب جماعت کے سامنے عیدالاضحیہ کے خطبہ میں پیش کردہ وقف جدید کی تحریک کی مزید تفصیلات بیان فرمائیں۔ اس سلسلہ میں حضور انور نے فرمایا۔

’’میری اس وقف سے غرض یہ ہے کہ پشاور سے لیکر کراچی تک ہمارے معلمین کا جال پھیلا دیا جائے اور تمام جگہوں پر تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر یعنی دس دس پندرہ پندرہ میل پر ہمارا معلم موجود ہو اور اس نے مدرسہ جاری کیا ہوا ہو یا دکان کھولی ہوئی ہو اور وہ سارا سال اس علاقہ کے لوگوں میں رہ کر کام کرتا رہے اور گو یہ سکیم بہت وسیع ہے مگر میں نے خرچ کو مدنظر رکھتے ہوئے شروع میں صرف دس واقفین لینے کا فیصلہ کیا ہے ممکن ہے کہ بعض واقفین افریقہ سے لئے جائیں یا اور غیر ملکوں سے بھی لئے جائیں مگر بہرحال ابتداء دس واقفین سے کی جائے گی اور پھر بڑھاتے بڑھاتے ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچانے کی کوشش کی جائے گی۔ (الفضل 16/فروری 1958)

معلمین کی تربیت

حضرت مصلح موعود نے جب وقف جدید کا آغاز فرمایا تو ابتداء میں دس واقفین کا انٹرویو لے کر ان کیلئے تعلیم وتربیت کا پروگرام ترتیب دیا گیا اس میں دینی تعلیم اور طبی تعلیم کے ساتھ ساتھ بزرگان سلسلہ کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی زندگی کے اہم واقعات سے آگاہ ہونا تھا خاص طور پر میدان عمل میں اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت پر مشتمل واقعات اور تعلق باللہ کے واقعات سے واقفیت پیدا کرنا چنانچہ سلسلہ احمدیہ کے بہت سے بزرگوں کی خدمت میں یہ زیر تربیت معلمین حاضر ہوتے اور ان کی صحبت سے فیض یاب ہوتے۔

مکرم احسان الٰہی صاحب وقف جدید کے ابتدائی دس معلمین میں شامل تھے۔ آپ بیان کرتے ہیں۔

’’جنوری 1958ء میں ٹریننگ کے دوران ہم مختلف بزرگوں کے پاس راہنمائی اور ان کی صحبت سے فیض یاب ہونے کیلئے جایا کرتے تھے ان میں سے ایک بزرگ حضرت غلام رسول صاحب راجیکی بھی تھے۔ ایک دن ہم سب معلمین ان کی صحبت میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کا معمول ہوتا تھا کہ جب بھی مجلس ختم ہوتی تو ہاتھ اٹھا کر دعا ضرور کرواتے چنانچہ ایک دن غیر معمولی طور پر بہت لمبی دعا کروائی۔ دعا کے بعد فرمانے لگے کہ تم لوگ بڑے خوش قسمت ہو اس لئے کہ جب میں نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے تو حضرت مسیح موعود بھی اس مجلس میں تشریف لے آئے اور انہوں نے بھی دعا شروع کردی جب تک آپ چلے نہیں گئے میں دعا کیسے ختم کرسکتا تھا۔‘‘

اس سے یہ بھی عیاں ہے کہ یہ تحریک خدا کے دربار میں مقبولیت کا درجہ رکھتی ہے کہ خدا تعالیٰ کا پیارا امام مہدی ہم جیسے گناہ گاروں اور کمزور انسانوں کو برکت دینے کیلئے تشریف لے آئے۔

حضرت مصلح موعود کی ملاقات

مکرم رشید طارق صاحب بھی ابتدائی معلمین کلاس میں شامل تھے حضور سے ملاقات کی تفصیل تحریر کرتے ہیں:۔

’’زیر تربیت معلمین کی تعلیم وتربیت اور صحبت صالحین کا پروگرام جب اپنے اختتام کو پہنچا تو مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب ان زیر تربیت معلمین کو لے کر حضرت مصلح موعود کی خدمت میں حاضر ہوئے اس موقعہ پر حضرت مصلح موعود نے سب معلمین سے فرداً فرداً پوچھا۔ پھر حضور نے نصائح فرمائیں۔ حضور نے فرمایا میں آپ لوگوں کے پہلے گروپ کو اب سنٹروں میں بھیج رہا ہوں حضور نے طب اور دوائیوں کے بارے میں فرمایا! کن کن سے لیکچر لئے ہیں۔ مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب نے عرض کیا حضور چند دن ان کی پڑھائی ہوئی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ تحریک وقف جدید الٰہی تحریک ہے اللہ تعالیٰ نے اس کو کامیاب کرنا ہے میں دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ ان کو اپنے پاس سے علم دے گا اور کامیاب کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

حضور نے فرمایا:۔ میں آپ لوگوں کو جو معلمین ہیں بھیج رہا ہوں جس طرح پہلے لوگ دین کی خاطر بعض علاقوں میں گئے اور وہ کنویں بن گئے پیاسی روحیں ان کے پاس آئیں اور انہوں نے اپنی پیاس بجھائی۔ حضور نے اس ضمن میں حضرت معین الدین چشتی، فریدالدین شکر گنج، نظام الدین اولیاء، حضرت شہاب الدین سہروردیؒ، حضرت شاہ ولی اللہؒ اور سید احمد بریلویؒ کے نام لیے اور فرمایا کہ ان لوگوں کی طرح آپ معلمین کو بھیج رہا ہوں آپ لوگ کنویں بن جائیں اور جس طرح انہوں نے دعائیں کیں اور خدا تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی محبت حاصل کی اس طرح تم بھی کرو۔

پھر حضور نے تریاق کبیر (امرت دھارا) کی تعریف کی اور سو بیماری کا علاج فرمایا اور اس کے بارے میں فرمایا سارے معلمین یہ دوائی لے کر جائیں اور مریضوں کو دیں۔ استعمال کریں شفاء ہوگی۔

معلمین وقف جدید کے پہلے گروپ کو حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب نے 22/جنوری 1958ء کو اپنی دعاؤں کے ساتھ روانہ فرمایا۔ معلمین نے میدان عمل میں جا کر اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت پر بھروسہ رکھتے ہوئے تعلیم وتربیت کا کام کا آغاز کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کم علم اور کمزور حیثیت مگر دین حق اور احمدیت کے لئے وفا اور اخلاص رکھنے والوں کے جوش وجذبہ کو دیکھتے ہوئے ان کو کامیابی سے ہمکنار کیا جلد ہی ان کی کوششیں بار آور ہونے لگیں ان کوششوں کو پھول پھل لگنے لگے تو جماعت احمدیہ کے خلفاء نے ان کے کام کو سراہتے ہوئے اپنے تاثرات کا اظہار فرمایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

''پچھلے سال ان معلمین کی تعلیم وتربیت اور خدمت خلق کا جذبہ دیکھ کر پانچ سو سے زائد افراد نے بیعت کی تھی اس سال چھ سو اٹھائیس افراد نے بیعت کی ہے پس میں احباب جماعت کو تاکید کرتا ہوں کہ وہ اس تحریک کی اہمیت کو سمجھیں اور اس کی طرف پوری توجہ کریں اور اس کو کامیاب بنانے میں پورا زور لگائیں۔''
(الفضل 17 فروری 1960)

نیز فرمایا:۔
''مجھے بتایا گیا ہے کہ وقف جدید کے ماتحت اب اچھوت اقوام تک بھی (دین حق) کا پیغام پہنچانے کا کام شروع کر دیا ہے اور اس کے امید افزاء نتائج پیدا ہو رہے ہیں۔ (وقف جدید کے پانچویں سال کے آغاز پر حضرت مصلح موعود کا روح پرور پیغام) فرمایا:۔
''حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے یہی بتایا تھا کہ میرے زمانہ میں احمدیت پھیلے گی وقف جدید کا کام بہت پھیل رہا ہے۔'' (وقف جدید کے چھٹے سال حضرت مصلح موعود کا روح پرور ارشاد)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔
''وقف جدید کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اصلاح وارشاد کا بڑا ہی اچھا کام ہو رہا ہے تربیت بھی ہے پیغام کا صحیح طور پر پہنچانا بھی ہے پس یہ تو ہے کہ کام ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ برکت دیتا ہے لیکن میرے لئے اور آپ کے لئے بہت ہی خوشی کا باعث یہ ہے کہ سال رواں میں نگر پارکر کے علاقہ میں 236 ہندو......قبول کر کے احمدیت میں داخل ہوئے ہیں۔ یہ گزشتہ سال کی نسبت تعداد کے لحاظ سے 35 فیصد اضافہ ہے یعنی اس کے پہلے سال میں جو ہندو، احمدی ہوئے تھے وہاں اس سال 35 فیصد زائد احمدی ہوئے ہیں۔ اور اس علاقہ میں کل 570 ہندو...... ہو چکے ہیں وہاں مختلف نوعیت کے کام ہیں، وہ ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جماعت کو توفیق دے ہم ان کو سنبھال سکیں اور ان کی تربیت کر سکیں اور یہ جو میں نے تعداد بتائی ہے یہ بالغوں کی ہے بچے جو ساتھ ہی ...... ہوئے ہیں وہ اس میں شامل نہیں کیونکہ اس علاقے میں 9 معلم وقف جدید ایک ہزار کو قرآن کریم اور......تعلیم سکھا رہے ہیں۔
(خطبات وقف جدید صفحہ 166)

حضور نے ایک موقعہ پر فرمایا:۔
''گزشتہ سال (1974ء) وقف جدید کے کام میں تقریباً 25 فیصد اضافہ ہوا ہے اور وہ بھی ایسے تلخی کے زمانہ میں جبکہ توجہ مرکز کی بھی اور جماعتوں کی بھی ایک حد تک بعض ایسے عارضی کاموں اور ضروریات کی طرف تھی جو بظاہر بڑی پریشان کرنے والی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ کا فضل دیکھو کہ ان تمام باتوں کے باوجود ہماری اس چھوٹی سی کوشش میں بھی جس کا میں اس وقت ذکر کر رہا ہوں کم وبیش 25 فیصد اضافہ ہوا ہے۔''
(الفضل 17 رجنوری 1975ء)

''جس نے شاید ایک سال میں دینی تعلیم لی وقف جدید کے ماتحت اور جسے ہماری اصطلاح میں معلم کہا جاتا ہے ان میں ایسے ہیں جوان شاہدین سے بہتر کام کر رہے ہیں جنہوں نے جامعہ احمدیہ سے تعلیم حاصل کی۔'' (الفضل 5 مارچ 1977)

''وقف جدید اللہ کا فضل ہے بڑا اچھا کام کر رہی ہے ایک کام جو بڑا پیارا وہ کر رہے ہیں وہ ہندوؤں میں اور بت پرستوں میں ...... کا ہے۔ اور آہستہ آہستہ یہ بت پرست اور خدائے واحد ویگانہ کو نہ ماننے والے جو قبیلے ہیں یہ خدائے واحد ویگانہ کی طرف توجہ کر رہے ہیں اور سینکڑوں کی تعداد میں ...... لا چکے ہیں اور ہزاروں کی تعداد میں صداقت ...... کے متعلق تحقیق کر رہے ہیں۔ دوست دعا کریں اللہ کرے ان کو بھی ......کا نور حاصل ہو۔ وقف جدید کی ایک فری ڈسپنسری ہے وہ بڑا اچھا کام کر رہی ہے۔''
(فرمودہ جلسہ سالانہ 27 دسمبر 1978)

ایک معلم کیا کرتا ہے

ایک معلم کا سب سے پہلا کام تو یہ ہے کہ جس جماعت میں مقرر ہو وہاں جاتے ہی حالات کا جائزہ لے کر معین اعداد وشمار کے ساتھ ابتدائی رپورٹ دفتر کو ارسال کرے کہ کتنے مرد، عورتوں، بچوں میں سے کتنے نماز باترجمہ جانتے ہیں۔ قرآن کریم ناظرہ یا باترجمہ جانتے ہیں۔ نماز باجماعت کے عادی ہیں۔ تلاوت کے عادی ہیں۔ مسائل......وغیرہ سے کماحقہ واقفیت رکھتے ہیں وغیرہ وغیرہ، اس کے بعد وہ ان تمام امور میں جماعت کی حالت کو بہتر بنانے میں دن رات مصروف ہو جاتا ہے اور اپنی ہر آئندہ رپورٹ میں اعداد وشمار کے ساتھ ظاہر کرتا ہے کہ فلاں فلاں تربیتی پہلو کے لحاظ سے جماعت کے اتنے اتنے مرد، عورتوں یا بچوں نے اتنی اتنی ترقی کر لی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس اہم تربیتی کام کے علاوہ معلم کو اصلاح وارشاد کے کام پر بھی خاصہ وقت صرف کرنا پڑتا ہے کیونکہ اس کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ اپنے مرکز کے پانچ پانچ میل کے دائرہ میں احسن طریق پر احمدیت کا پیغام پہنچائے اور بالخصوص عیسائیوں اور اچھوت اقوام کو دین کی نعمت سے سرفراز کرنے کی کوشش کرے۔

یہ کام صرف محنت طلب ہی نہیں بلکہ حکمت اور موعظہ حسنہ کو چاہتا ہے اور بسا اوقات اس راہ میں معلمین کے صبر آزمائے جاتے ہیں چنانچہ ایسا بھی ہوا کہ محض اس جرم کی بناء پر کہ ایک معلم نے محض بنی نوع انسان کی ہمدردی میں لوگوں کو ہدایت کی طرف بلایا۔ اس پر اس حد تک جسمانی سختی کی گئی کہ مارنے والے مردہ سمجھ کر چھوڑ گئے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے پھر زندگی عطا کی۔ ان سختیوں کے باوجود معلم اس اہم فریضہ سے غافل نہیں اور حسب توفیق ایزدی احمدیت کی منادی کر رہے ہیں۔

متفرق فرائض

معلمین کے فرائض میں بعض متفرق امور مثلاً جماعتی چندوں میں اضافہ کروانا، مجلس انصاراللہ، خدام الاحمدیہ اور لجنہ اماء اللہ میں دلچسپی کو بڑھانا بھی شامل ہیں۔ اسی طرح دیہات سُدھارنا اور خواندگی کا معیار بڑھانے کی کوشش کرنا بھی ان کے دائرہ عمل میں ہے اور ان سب کے علاوہ اکثر معلمین اپنے اپنے گاؤں کے حکیم، وید، کمپوڈر یا ہومیوپیتھک ڈاکٹرز بھی ہیں اور اس پہلو سے بھی انہیں ایسے علاقوں میں جہاں طبی سہولتیں مہیا نہیں خدمت خلق کا بہت موقع ملتا ہے۔ آئندہ کے لئے ان میں سے مستحق اور قابل معلمین کی رجسٹریشن کا انتظام بھی کروایا جا رہا ہے۔

مقصد میں کامیابی

اس امر کا اندازہ کہ وقف جدید کس حد تک اپنے مقصد میں کامیاب ہے اور دیہاتی جماعتوں پر اس کے کیا خوشکن اثرات ظاہر ہو رہے ہیں مندرجہ ذیل امور سے لگایا جا سکتا ہے۔

چندوں میں غیر معمولی اضافہ

معلمین کے ذریعہ دو طرح پر جماعتی چندوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

اول:۔ ان کی تربیت کے نتیجہ میں جماعت میں قربانی کی روح ترقی کرتی ہے اور جماعتی چندوں پر بھی اس کا نہایت خوشگوار اثر پڑتا ہے۔ مثلاً ایک جماعت کے پریذیڈنٹ صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔
''جماعت کے چندہ میں معلم کے آنے سے قبل بقایا در بقایا تھا۔ ان کے آنے سے اب 75% چندہ ادا ہو چکا ہے جبکہ ابھی سال کے چار پانچ ماہ باقی ہیں۔''
ایک اور پریذیڈنٹ معلم کی تقرری سے قبل اور بعد کا موازنہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔
''چندہ عام دو صد روپے صرف تھا اب 66-65ء کا بجٹ جس میں حصہ آمد بھی شامل ہے دو ہزار روپے ہے۔''

دوم:۔ چونکہ معلمین کو تاکید کی جاتی ہے کہ نومبائعین کو فوری طور پر جماعتی چندوں میں شامل کریں ورنہ ان کے ذریعے ہونے والی بیعتیں حقیقی بیعتیں شمار نہیں ہوں گی اس لئے جوں جوں نومبائعین کی تعداد بڑھتی جاتی ہے چندوں میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس ضمن میں ایک سیکرٹری مال نے جو اعداد وشمار بھجوائے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ جماعت کا چندہ عام کا کل سالانہ بجٹ 4907 روپے تھا جس میں 1215 روپے بجٹ ان نومبائعین کا ہے جو وقف جدید کے ذریعہ سلسلہ میں داخل ہوئے۔ یہی نہیں بلکہ وہ لکھتے ہیں کہ اس بجٹ میں 725 روپے کی وہ رقم بھی شامل ہونی چاہئے جو بعض نومبائعین کی نقل مکانی کی وجہ سے دوسری جماعتوں میں منتقل کی گئی۔ گویا 4907 میں سے 1940 صرف نومبائعین کا بجٹ ہے۔

نماز باجماعت کا قیام

اس اہم دینی فریضہ کی سرانجام دہی میں بھی معلمین کو خدا تعالیٰ کے فضل ورحم کے ساتھ حیرت انگیز کامیابی ہو رہی ہے۔ مختلف صدر صاحبان اور امراء کی طرف سے اس بارہ میں بیسیوں خوشنودی کے اظہار موصول ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک بڑی جماعت کے صدر صاحب لکھتے ہیں۔
''نماز باجماعت کے قیام میں معلم نے مختلف کوششوں کے طریق جاری رکھے۔ مثلاً صبح نماز کے وقت گاؤں میں بلند آواز سے درود شریف پڑھنا...... معلم صاحب کے آنے سے پہلے تقریباً ساری جماعت ہی بے جماعت سمجھ لیں کیونکہ خاکسار اگر گھر پر ہوتا تو نماز ہو جاتی۔ اگر خاکسار گھر پر نہ ہوتا تو نماز باجماعت نہ ہوتی۔ لیکن محترم معلم صاحب کے آنے سے یہ بیماری دور ہو گئی اور باقاعدہ نماز باجماعت جاری ہونے لگی اور پھر نماز تہجد باجماعت کا سلسلہ بھی جاری رہنے لگا اور اس دوران میں ایک ماہ سے اوپر مستقل نماز تہجد جاری ہے۔''

ایک جماعت کے صدر صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔
''پہلے سے دوگنے نمازی جماعت میں شامل ہوتے ہیں۔ صبح صل علیٰ پڑھنے کا پروگرام کر کے بیت الذکر میں بہت رونق پیدا کر دی جاتی رہی ہے اور ڈیڑھ ماہ تک عورتیں دو نمازیں بیت الذکر میں باجماعت ہمارے ساتھ پردہ کے انتظام سے ادا کرتی رہی ہیں۔''

ایک اور جماعت کے صدر صاحب اپنی جماعت کی پہلی حالت اور بعد میں پیدا ہونے والی خوشگوار تبدیلی کا ذکر فرماتے ہیں:۔
''جب معلم پہلے دن یہاں ہمارے گاؤں میں تشریف لائے تو ان کو اکیلے ہی نماز ادا کرنی پڑی۔ احمدی احباب کے گھروں میں جانا اور نماز کی طرف توجہ دلانا اور نماز بے جماعت اور باجماعت کے متعلق تقریر کرنا اور ان کے مردہ شعور کو زندہ کرنے کے لئے کئی کئی گھنٹے وقف صرف کرنا پڑا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج تمام مرد پانچ وقت نمازوں میں برابر شریک ہوتے اور نماز باجماعت ادا کرتے ہیں اور ہماری عورتیں بھی گھروں پر باقاعدہ نماز ادا کرتی ہیں۔ نماز تہجد کا شعور پیدا ہو چکا ہے۔''

دینی تعلیم

محض نماز باجماعت کے قیام تک ہی معلمین کی سرگرمیاں محدود نہیں بلکہ نماز ناظرہ یاد کروانا، نماز کا ترجمہ سکھانا، قرآن کریم کی سورتیں حفظ کروانا اور دیگر دینی مسائل کی تعلیم دے کر ان کے ایمان اور عمل کو آراستہ کرنا بھی معلم کے فرائض میں داخل ہے۔ معلمین کی انہی نیک کوششوں سے متاثر ہو کر مختلف صدر صاحبان خوشنودی سے مطلع فرماتے رہتے ہیں۔ مثلاً ایک جماعت کے صدر لکھتے ہیں۔
''معلم نے ساری جماعت کی نماز درست کروائی ہے اور خاص کر بچوں کی نماز کی درستگی کی ہے۔

جماعت کے تمام افراد کو نماز باترجمہ یاد کروائی ہے اور نماز سے متعلق تمام مسائل بھی یاد کروائے ہیں اور قرآنی دعائیں بھی یاد کروائی ہیں۔ ترجمہ قرآن کریم سکھایا جا رہا ہے اور دوسرے پارہ تک قرآن مجید کا ترجمہ مردوں اور عورتوں اور بچوں نے پڑھ لیا ہے۔

ایک اور جماعت کے صدر صاحب اعداد وشمار میں معلم کے کام کی رپورٹ دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''معلم کی کوشش سے 14 مرد، 12 عورتیں اور 22 بچے نماز سیکھ چکے ہیں اور 10 مرد، 8 عورتیں اور 9 بچے نماز کا ترجمہ سیکھ چکے ہیں۔''

صدر صاحبان کی طرف سے ایسی متعدد اطلاعات ہر سال دفتر وقف جدید کو موصول ہوتی ہیں لیکن طوالت کے خوف سے سب کا ذکر ممکن نہیں۔ آخر پر صرف ایک پسماندہ جماعت کے صدر صاحب کے مندرجہ ذیل الفاظ پیش خدمت کرنے کے بعد یہ ذکر بند کرتا ہوں۔

''نماز کے متعلق گزارش ہے کہ ہم پہاڑ کے رہنے والے ہیں اور ہم میں سے کسی ایک کو بھی نماز صحیح یاد نہیں تھی اور بچوں کو بالکل آتی نہ تھی لیکن اب معلم کی کوشش سے سال رواں میں نماز ناظرہ کے علاوہ بیت الذکر میں آنے جانے کی دعائیں، نماز کی نیت، نداء کے بعد کی دعا وضو کرنے کی دعا اور نماز کے مکمل ارکان سکھائے گئے۔''

جب ان کوائف پر اور ایسی ہی بیسیوں دیگر جماعتوں کے رُو بااصلاح حالات پر نظر پڑتی ہے تو دل بے اختیار حضرت مصلح موعود کو دعائیں دینے لگتا ہے اللہ اللہ! آپ کو دین کی ایسی ٹھوس اور باقی رہنے والی خدمت کی توفیق ملی اور آپ کی دن رات کی دعاؤں اور پُر حکمت بروقت اقدامات کو اللہ تعالیٰ نے کیسا نوازا کہ گرتی اور لڑکھڑاتی ہوئی جماعتیں اس کے فضل اور احسان کے طفیل ایک دفعہ سنبھل کر نئی قوت اور توانائی کے ساتھ جادۂ ترقی پر گامزن ہونے لگیں!!!

مجالس کے احیاء کے سلسلہ میں کوششیں

سلسلے کی ذیلی تنظیمیں کو تقویت دینے اور جماعت میں انہیں راسخ کرنے کے سلسلہ میں بھی معلمین وقف جدید مقدور بھر کوشش کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کے بھی خاطر خواہ نتائج ظاہر ہو رہے ہیں اس ضمن میں ایک صدر صاحب ہمیں ان الفاظ میں مطلع فرماتے ہیں:۔

''معلم کے آنے سے پہلے انصار اللہ، لجنہ اماء اللہ اور اطفال الاحمدیہ کی کوئی تنظیم نہ تھی اور خدام الاحمدیہ کی تنظیم برائے نام تھی۔ معلم کے آنے سے لجنہ کی تنظیم قائم ہوئی۔ جمعہ کے دن بیت الذکر میں پردے کا انتظام کروایا گیا اور لجنہ کے اجلاس شروع کروائے گئے۔ اطفال الاحمدیہ اور خدام الاحمدیہ کے اجلاس شروع کروائے گئے۔''

ایک اور صدر صاحب اس حقیقت کا ان الفاظ میں اعتراف فرماتے ہیں:۔

''معلم صاحب نے تینوں تنظیموں کو بہت کوشش کر کے قائم کیا ہے۔ ماہانہ رپورٹیں بھجوائی جاتی ہیں اور باقاعدہ ہفتہ وار اجلاس ہوتے رہتے ہیں۔ اطفال، انصار، خدام الاحمدیہ کو امتحانوں کی تیاری بھی معلم نے کروائی ہے۔ سات اطفال نے ستارہ اطفال کا امتحان دیا اور تین نے ہلال اطفال کا امتحان پاس کیا ہے''۔

اسی قسم کی خوشکن رپورٹیں اکثر مراکز وقف جدید سے موصول ہوتی ہیں جن سے یہ دل خدا تعالیٰ کے شکر کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ یہ محض اس کا احسان ہے اور اسی کی رحمت کی پُر تاثیر ہوا کا اثر ہے جس نے طبیعتوں میں دینی ترقی کی ایک رو چلا دی ہے اور ایسے آثار ظاہر ہو رہے ہیں جو بڑے خوش آئند مستقبل کا پتہ دیتے ہیں۔

غیروں پر اثر

ایک جماعت کے صدر تحریر فرماتے ہیں:۔

''غیر از جماعت احباب پر بھی معلم صاحب کا نیک اثر ہے اور دلی محبت سے لوگ ان کی عزت کرتے ہیں۔ وہ گفتگو میں غیروں کے ساتھ بڑی حکمت اور سمجھ سے بات کرتے ہیں اور حسن سلوک سے پیش آتے ہیں اور محبت اور پیار سے دعوت الی اللہ کرتے ہیں اور اسی وجہ سے علاقہ میں ان کا اثر ہے بعض غیر احمدی یہ اظہار کرتے ہیں کہ ان کو خاص ایسی ٹریننگ دی جاتی ہے جس کی وجہ سے یہ لوگ ایسے اخلاق ظاہر کرتے ہیں۔''

حضرت مسیح موعود کے یہ غلام جو سادہ مزاج بظاہر ایک معمولی علم کے حامل اور بے حیثیت نظر آتے ہیں مخالفت کے طوفانوں اور آندھیوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے پیغام حق پہنچانے میں مصروف ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اپنی تائید ونصرت سے نوازتا رہتا ہے۔ یہ تائید نصرت جہاں معلمین وقف جدید کے ایمانوں کو مہمیز دیتی ہے وہاں ان کے اردگرد کے لوگوں میں بھی احمدیت کی صداقت کا نشان بن جاتی ہے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

......کہتا ہے کہ اسی دنیا میں تم کو معلوم ہو جائے گا کہ تم خدا کے مقرب اور محبوب بن گئے ہو۔ چنانچہ اس کا ثبوت ...... میں ملتا ہے کیونکہ ہر زمانہ میں ایسے لوگ آتے رہے جنہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ خدا تعالیٰ کو انہوں نے دیکھا ہے اور خدا ان سے کلام کرتا ہے چنانچہ حضرت معین الدین چشتیؒ، حضرت محی الدین ابن عربیؒ، حضرت جنید بغدادیؒ اور اور بہت سے بزرگ اسلام میں ایسے گزرے ہیں جنہوں نے اپنے دل میں خدا کی محبت پیدا کی اور خدا تعالیٰ نے بھی ان سے محبت کی اور انہیں اپنی محبت کا جبہ پہنایا ان کی ہر تکلیف کو اس نے خود دور کیا اور ہر مشکل وقت میں ان کی مدد کی۔

(صداقت...... انوار العلوم جلد نمبر 5 صفحہ 66)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے خلافت پر متمکن ہونے پر پہلے جلسہ سالانہ 1965ء کے دوسرے دن کے اجلاس میں فرمایا:۔

بہت سے کم علم معلم اپنے کام کے لحاظ سے ان مربیوں سے آگے نکل گئے ہیں جن کا علم اور تجربہ نو نو، دس دس سال سے زیادہ تھا۔ غرض نتیجہ زیادہ تر انکسار اور دعا سے نکلتا ہے کیونکہ دعا کے نتیجہ میں قوت جذب پیدا ہوتی ہے اور جب کسی میں قوت جذب پیدا ہو جاتی ہے تو پھر غیر اس کی طرف خود بخود کھچ آتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ یہ کوئی عجیب آدمی ہے پھر ہچکچاہٹ کے ساتھ شرماتے شرماتے اسے دعا کے لئے کہہ دیتا ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ اپنی تقدیر کی تار ہلاتا ہے اور وہ دعا قبول ہو جاتی ہے تو صرف وہی نہیں بلکہ اس کے ماحول میں رہنے والے دوسرے لوگ بھی یہ خیال کرنے لگ جاتے ہیں کہ یہ لڑکا ہے تو کم علم اور تعلیم بھی اس کی زیادہ نہیں لیکن اس کا اللہ تعالیٰ سے تعلق ضرور ہے کیونکہ یہ دعا کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کی دعاؤں کو سن لیتا ہے اور انہیں قبول کر لیتا ہے اس طرح علاقہ کے بہت سے لوگ اس کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں اور وہ انہیں اپنی باتیں سنانے کے قابل ہو جاتے ہیں اور چونکہ اس کی باتیں سچی ہوتی ہیں اور سچی باتوں کا دلوں پر اثر ہوتا ہے اس لئے لوگ اس کی باتوں کو مان لیتے ہیں اور احمدیت پھیلنا شروع ہو جاتی ہے۔''

ذیل میں چند ایک معلمین وقف جدید کے بعض ایمان افروز واقعات کا ذکر کرنا مقصود ہے جو ہم سب کے لئے ازدیاد ایمان کا باعث ہوں گے۔

مکرم غلام احمد چشتی صاحب معلم وقف جدید نے خود احمدیت قبول کی تھی اللہ تعالیٰ نے وقف کی توفیق بخشی۔ دنیوی تعلیم کم تھی۔ مگر اخلاص اور جوش وجذبہ وافر موجود تھا جب وقف کیا تو ان کو وقف جدید کے قیام کی اغراض بتائی گئیں کہ یہاں چشتیوں سہروردیوں اور نقشبندیوں کی ضرورت ہے تو آپ نے اپنے نام کے ساتھ چشتی لکھنا شروع کر دیا اور پھر اپنے اندر ایسی تبدیلی پیدا کی اللہ تعالیٰ نے ان کو قبولیت دعا سے نوازا اور رؤیا وکشوف سے نوازا۔ آپ کے ہاتھ میں شفا رکھی مہمان نوازی آپ کا خاص وصف تھا نگر کے علاقہ کے لوگوں کے دلوں میں آپ نے جگہ بنائی جب صحت کی کمزوری کی وجہ سے پنجاب تشریف لے آئے تو علاقہ نگر سے آنے والے معلمین کے ذریعہ اس علاقہ کے لوگ ان کیلئے تل، باجرہ وغیرہ کا تحفہ بھجوایا کرتے تھے۔

مکرم مرزا غلام احمد چشتی صاحب بیان فرماتے ہیں۔

1973ء کے آخر میں مکرم محمد صدیق صاحب معلم مجھے لاکر کھڈیو چھوڑ آئے۔ صبح جب تالاب سے پانی لایا اور دال پکائی تو اس میں سے گوبر کی بُو آئے۔ جن چیزوں کو پانی سے دھوتا۔ ان سب سے بو آئے۔ بہت پریشان ہوا۔ بو کی وجہ سے نہ کھانا کھا سکوں نہ پانی پی سکوں۔ بھوکا رہنے لگا۔ صحت کمزور ہونا شروع ہوگئی کیونکہ پانی کی کوئی اور جگہ نہ تھی اس لئے اس تالاب میں سارا دن انسانوں کے علاوہ سارا دن جانور (گدھے، گھوڑے اونٹ، بکری اور گائے بھینس) اس سے پانی بھی پیتے اور اسی میں گوبر اور پیشاب بھی کرتے۔ میرا بُرا حال تھا۔ کمزوری بڑھ گئی۔ خدا کے آگے گریہ وزاری کی اور دعا کرنی شروع کر دی۔ ایک دن میرے دل میں ڈالا گیا اور سمجھایا گیا کہ علی الصبح جب کوئی انسان اور جانور وغیرہ تالاب پر نہیں ہوتے اور رات بھر پانی میں گرد وغبار اور آلائش پانی کی تہہ میں بیٹھ جاتی ہے اس وقت پانی لاؤں۔ چنانچہ پھر وہی تالاب والا پانی لایا اور پُن کر گھڑے بھر لئے۔ کھانا پکایا اور کھایا تو بو نابُود۔ پانی بہت ٹھنڈا، میٹھا اور لذیذ دل چاہتا کہ پانی پیتا ہی رہوں۔ اسی دن سے کمزوری ختم ہونے لگی۔ طبیعت بحال ہونے لگی۔ معلم دوست آتے اور پوچھتے کہ اور تو کہیں پانی ہے نہیں۔ تُو یہ پانی کہاں سے لاتا ہے۔ یہ بہت میٹھا، ٹھنڈا پانی ہے۔ کھانے میں سے بھی بُو نہیں آتی بلکہ کھانا بھی لذیذ پکا ہے۔ میں کہہ دیتا کہ پانی تو وہی ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کا فضل شامل حال ہے۔ اس نے دل میں ڈالا کہ علی الصبح پانی لاؤں جبکہ پانی کی ہر شے تہہ میں بیٹھی ہوتی ہے۔ تمام رات کا نتھرا ہوا پاک اور صاف پانی ہوتا ہے۔

میرے سادلو اس جانے کے چند دن بعد شام کے وقت محترم حکیم محمد عقیل صاحب امیر معلمین علاقہ نگر پارکر و مٹھی اور محمد احمد فیض صاحب میرے پاس آئے۔ شام کا ٹائم آتے ہی حکم دیا کہ ساری گوٹھ میں اطلاع کر دو۔ آج یہاں دعوت الی اللہ کریں گے۔ بغیر اطلاع کے آنا اور بے وقت آنا پریشانی والی بات تھی مگر اللہ پر بھروسہ اور توکل کرتے ہوئے دعا کے ساتھ ساری گوٹھ میں اطلاع دی۔ اور مغرب کے بعد واپس آیا۔ کھانا کھانے کے بعد صحن میں صفیں اور کپڑے بچھا کر بیٹھ گئے۔ اتنے میں دوست آنے شروع ہوئے۔ دعوت الی اللہ شروع ہوئی۔ ٹیپ کے ذریعے بھجن اور تقریریں سنائیں۔ فیض صاحب نے ان کی زبان میں تقریر کی۔ تقریر ویدوں اور گیتا کی پیشگوئیوں کے مطابق کرشن ثانی کے بارے میں تھی۔ دوست بہت متاثر ہوئے۔ بعد میں امیر صاحب مکرم محمد عقیل صاحب نے بھی مقامی زبان میں تقریر کی۔ دوست بہت خوش ہوئے۔ جلسہ میں کٹر مخالف پٹیل اور بھگت بھی آئے ہوئے تھے۔ سب کے سب بہت مسرور ہوئے۔ بعد میں چائے پلائی۔ جلسہ ازحد کامیاب رہا۔ جلسہ میں آدمیوں کو بیٹھنے کی جگہ نہ ملی۔ بہت لوگ کھڑے تھے۔ جب گنتی کی گئی تو 80 افراد جلسہ میں شامل تھے۔ یہ مشیت الٰہی کی تائید تھی۔ بعض دوستوں نے کہا کہ ہمارے ہاں گوٹھ میں اتنا بڑا اکٹھ کبھی نہیں ہوا۔ چشتی صاحب تو کراماتی آدمی ہیں۔ میں نے کہا تمہیں معلوم نہیں یہ تو میرے سمیع وبصیر خدا کا فضل ہے کہ توقع نہ ہونے کے باوجود اتنا اکٹھ ہو گیا۔

1974ء کے تین ماہ گزرنے کے بعد میں سخت بخار میں مبتلا ہو گیا۔ ایک ہفتہ کے بعد حالت بہت خراب ہو گئی۔ کوئی دیکھ بھال کرنے والا نہ تھا۔ نہ کوئی

